سُوْرَةُ الْمُجَادِلَةِ ۵۸ مَدَنِيَّةٌ ۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۲۲ رُكُوْعَاتُهَا ۳

سورۂ مجادلہ مدنیہ — نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا — آیات ۲۲ رکوع ۳

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى

بیشک سن لی اللہ نے بات اس کی، جو بحث کرتی ہے تم سے اپنے شوہر کے بارے میں، اور فریاد کرتی ہے

اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرُۨ ۝ الَّذِيْنَ

اللہ سے، اور اللہ سن رہا ہے تم دونوں کی بات چیت۔ بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے● جو لوگ

يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ

اپنی زوجہ کو ماں کی جگہ بنائیں تم میں سے، تو وہ ان کی ماں نہیں ہیں۔ ان کی ماں وہی ہیں

اِلَّا الّٰۗيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ

جنہوں نے جنا ہے انہیں۔ اور بیشک یہ لوگ یقیناً کہتے ہیں ناگوار بات اور جھوٹ۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ

اور بیشک اللہ یقیناً معافی دینے والا مغفرت فرمانیوالا ہے● اور جو بیوی کو ماں کی جگہ بنائیں اپنی عورتوں میں، پھر

يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ ذٰلِكُمْ

لوٹیں اسی طرف جسکے لئے ایسی بولی بول چکے، تو ان پر ایک غلام کو آزاد کرنا ہے، قبل اسکے، کہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ یہ ہے جس کی

تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

نصیحت کی جاتی ہے تمہیں۔ اور اللہ جو کچھ کرو خبردار ہے● تو جس نے نہ پایا، تو روزے ہیں

شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

دو مہینے کے لگاتار، قبل اس کے کہ باہم ہاتھ لگائیں۔ تو جسے اس کی بھی سکت نہیں،

فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ

تو پورا کھانا کھلانا ہے ساٹھ مسکینوں کو۔ یہ اسلئے کہ مانتے رہو اللہ اور اس کے رسول کو۔ اور یہ

حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ

اللہ کی حد بندیاں ہیں۔ اور منکروں کیلئے دکھ والا عذاب ہے● بیشک جو مخالفت کریں

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ

اللہ اور اسکے رسول کی، ذلت دیئے گئے جس طرح ذلت دیئے گئے وہ، جو ان سے پہلے تھے، اور بیشک اتارا ہم نے روشن

بَيِّنٰتٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا

آیتوں کو۔ اور منکروں کیلئے ذلت دینے والا عذاب ہے● جس دن کہ اٹھائے گا ان سب کو اللہ،

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

پھر بتادیگا انہیں جو کرتوت کئے۔ شمار کرلیا ہے اسے اللہ نے، اور وہ لوگ بھول چکے اسے۔ اور اللہ ہر ایک کا

شَهِيْدٌ ۝۶ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَا ع ۱۶

نگراں ہے● کیا نہیں دیکھا تو نے؟ کہ اللہ جان رہا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ نہیں

يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ

ہوتی تین شخصوں کی کوئی سرگوشی، مگر وہ ان کا چوتھا ہے، اور نہ پانچ شخصوں کی، مگر وہ ان کا چھٹا ہے،

وَلَاۤ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ

اور نہ اس سے کم کی اور نہ زیادہ کی، مگر وہ ان کے ساتھ ہے، جہاں بھی ہوں۔ پھر

يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۷ اَلَمْ تَرَ

بتادیگا انہیں جو کرتوت کئے انہوں نے قیامت کے دن۔ بیشک اللہ ہر ایک کا جاننے والا ہے● کیا نہیں

اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَ

دیکھا تم نے انہیں جو روکے گئے سرگوشی سے، پھر وہی کرتے ہیں جس سے روکے گئے، اور

يَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۫ وَاِذَا جَآءُوْكَ

سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ اور قانون شکنی اور رسول کی گنہ گاری کی۔ اور جب آئے تمہارے پاس

حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا

تو سلام کیا ایسے لفظوں میں، کہ سلام قرار نہیں دیا تمہارا جسکو اللہ نے، اور کہتے ہیں اپنے اپنے جی میں، کہ کیوں نہیں عذاب دیتا ہمیں

اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸ يٰۤاَيُّهَا

اللہ بسبب اس بولی کے، جو ہم بولتے ہیں۔ کافی ہے انہیں جہنم۔ جائینگے اس میں، تو کیا برا پھرنے کا ٹھکانہ ہے● اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَ

ایمان والو! جب تم نے سرگوشی کرنی چاہی، تو مت سرگوشی کرو گناہ اور قانون شکنی اور

مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ

رسول کی گنہ گاری کی، اور سرگوشی کرو نیکی اور خوفِ خدا کی۔ اور ڈرتے رہو اللہ کو، جس کی

إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝٩ إِنَّمَا النَّجْوَىٰ مِنَ الشَّيْطَٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِينَ ءَامَنُوا

طرف حشر کئے جاؤ گے● بری سرگوشی تو شیطان کی طرف سے ہے، تا کہ رنج دے انہیں جو ایمان

وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

لائے، حالانکہ نہیں ہے بگاڑ سکنے والا ان کا کچھ، بغیر اللہ کے حکم کے۔ اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھے رہیں

الْمُؤْمِنُونَ ۝١٠ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوٓا إِذَا قِيلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا۟ فِى الْمَجَٰلِسِ

ایمان والے● اے ایمان والو! جہاں کہا گیا تمہیں کہ جگہ دو مجلسوں میں،

فَٱفْسَحُوا۟ يَفْسَحِ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَإِذَا قِيلَ ٱنشُزُوا۟ فَٱنشُزُوا۟ يَرْفَعِ اللَّهُ

تو جگہ دے دیا کرو، تمہیں اللہ جگہ دیگا۔ اور جہاں کہا گیا کہ اٹھ پڑو، تو اٹھ پڑا کرو، بلند فرمادیگا اللہ

الَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مِنكُمْ وَالَّذِينَ أُوتُوا۟ الْعِلْمَ دَرَجَٰتٍ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ

انہیں جو ایمان لائے تم میں سے، اور جو دیئے گئے ہیں علم درجوں۔ اور اللہ جو کچھ کرو

خَبِيرٌ ۝١١ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوٓا إِذَا نَٰجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا۟ بَيْنَ

باخبر ہے● اے ایمان والو! جب تم پوشیدہ بات کرنی چاہو رسول سے، تو پہلے دے لو

يَدَىْ نَجْوَىٰكُمْ صَدَقَةً ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَأَطْهَرُ ۚ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا۟ فَإِنَّ

اپنی سرگوشی سے آگے کچھ صدقہ۔ یہ بہتر ہے تمہارے لئے اور نہایت پاکیزہ۔ پھر اگر نہ پایا تم نے، تو بلاشبہ

اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝١٢ ءَأَشْفَقْتُمْ أَن تُقَدِّمُوا۟ بَيْنَ يَدَىْ نَجْوَىٰكُمْ

اللہ غفور رحیم ہے● کیا ڈر گئے تم اُس سے، کہ پہلے دے دو، اپنی پوشیدہ بات کہنے کے

صَدَقَٰتٍ ۚ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا۟ وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا۟ الصَّلَوٰةَ

آگے کچھ صدقے۔ تو جب تم یہ نہ کر سکے، اور معافی دیدی اللہ نے بھی تمہیں، تو پابندی کرتے رہو نماز کی،

ع ۲ ۲ وَءَاتُوا۟ الزَّكَوٰةَ وَأَطِيعُوا۟ اللَّهَ وَرَسُولَهُۥ ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌۢ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝١٣ ع

اور دیتے رہو زکوٰۃ کو، اور کہا مانتے رہو اللہ اور اسکے رسول کا۔ اور اللہ باخبر ہے جو عمل کرتے رہو●

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ تَوَلَّوْا۟ قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِم ۚ مَّا هُم مِّنكُمْ

کیا نہیں دیکھا تم نے انہیں جنہوں نے دوستی کی ایسی قوم کی، جن پر غضب فرمایا اللہ نے۔ نہ وہ تم میں سے ہیں

وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝١٤ أَعَدَّ اللَّهُ

اور نہ ان میں سے۔ اور وہ قسم کھایا کرتے ہیں جھوٹ، حالانکہ وہ جان رہے ہیں● تیار کر چکا ہے اللہ

لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۙ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ

انکے لئے سخت عذاب۔ بیشک انہوں نے برا کیا جو کرتوت کرتے ہیں● بنالیا انہوں نے اپنی قسموں کو

جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٦﴾ لَّن تُغْنِيَ

ڈھال، تو روکتے رہے اللہ کی راہ سے، تو انہیں کیلئے ہے ذلت والا عذاب● نہ کام دیں گے

عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ

انہیں ان کے مال، اور نہ اولاد، اللہ کے حضور کچھ۔ وہ جہنم والے ہیں۔

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١٧﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا

وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں● جس دن کہ اٹھائے گا ان سب کو اللہ، تو قسم کھائینگے اس کے یہاں بھی،

يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿١٨﴾

جس طرح قسم کھاتے ہیں تمہارے پاس، اور خیال کرتے ہیں کہ وہ کچھ فائدہ پر ہیں۔ یاد رکھو کہ بلاشبہ وہی جھوٹے ہیں●

اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ ۚ

چڑھ پڑا ان پر شیطان، تو بھلا دیا انہیں اللہ کی یاد کو۔ وہ ہیں شیطان کا گروہ۔

أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿١٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ

یاد رکھو کہ شیطان کا گروہ، وہی خسارہ والے ہیں● بیشک جو مخالفت کریں اللہ

وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ﴿٢٠﴾ كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ

اور اسکے رسول کی، وہ بڑے ذلیلوں میں ہیں● لکھ چکا ہے اللہ، کہ ضرور غالب رہوں گا میں اور میرے رسول۔

إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿٢١﴾ لَّا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ

بیشک اللہ قوت والا زبردست ہے● تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو مان جائیں اللہ اور پچھلے دن کو،

يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ

کہ دوستی کریں ان کی جنہوں نے مخالفت کی اللہ اور اسکے رسول کی، گو وہ ہوں ان کے باپ دادے، یا

إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم

بیٹے، یا بھائی، یا کنبہ والے۔ وہ ہیں کہ نقش کر دیا اللہ نے ان کے دلوں میں ایمان کو، اور تائید فرمائی انکی

بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ

روح سے، اپنی طرف سے، اور داخل فرمائیگا انہیں باغوں میں، بہتی ہیں جنکے نیچے نہریں، ہمیشہ رہنے والے

فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ

اس میں۔ اللہ ان سے راضی، وہ اللہ سے خوش۔ وہ ہیں اللہ کی جماعت۔ یاد رکھو

حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٢٢﴾ ع ۳

کہ اللہ کی جماعت کامیاب ہے●

سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ ۵۹ | بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ | اٰیاتہا ۲۴ رکوعہا ۳

سورۂ حشر مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۲۴ رکوع ۳

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١﴾ هُوَ

پاکی بولی اللہ کی سب نے، جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور وہی زبردست حکمت والا ہے● وہی ہے

الَّذِي أَخْرَجَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ

جس نے نکال بھگایا اہل کتاب کافروں کو، ان کے گھروں سے پہلی

الْحَشْرِ ۚ مَا ظَنَنْتُمْ أَنْ يَخْرُجُوا وَظَنُّوا أَنَّهُمْ مَانِعَتُهُمْ حُصُونُهُمْ مِنَ

ہانک کو۔ تم لوگوں کو خیال نہ تھا کہ وہ نکل جائینگے، اور وہ خیال کر رہے تھے، کہ ان کی حفاظت کو ان کے قلعے ہیں

اللَّهِ فَأَتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا ۖ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ

اللہ کے عذاب سے، تو آیا انکے پاس حکمِ الٰہی جہاں سے انہیں وہم بھی نہ تھا۔ اور ڈال دیا انکے دلوں میں دبدبہ،

يُخْرِبُونَ بُيُوتَهُمْ بِأَيْدِيهِمْ وَأَيْدِي الْمُؤْمِنِينَ ۗ فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي

کہ کھودنے لگے اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے، اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے۔ تو عبرت لو اے آنکھ

الْأَبْصَارِ ﴿٢﴾ وَلَوْلَا أَنْ كَتَبَ اللَّهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۖ

والو● اور اگر نہ لکھ چکا ہوتا اللہ ان پر جلاوطن ہو جانے کو، تو ضرور عذاب دیتا انہیں دنیا میں۔

وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿٣﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ

اور انکے لئے آخرت میں آگ کا عذاب ہے● یہ اسلئے کہ پھٹے پھٹے رہے اللہ اور اس کے رسول سے۔

وَمَنْ يُشَاقِّ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٤﴾ مَا قَطَعْتُمْ مِنْ

اور جو پھٹا پھٹا رہے اللہ سے، تو بلاشبہ اللہ سخت عذاب والا ہے● جو کچھ کاٹ ڈالا تم نے کوئی درخت،

لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَىٰ أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيُخْزِيَ

یا چھوڑ دیا اسے کھڑا اپنی جڑوں پر، تو اللہ کے حکم سے ہوا، اور تا کہ رسوا کر دے

الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ

نافرمانوں کو● اور جو کچھ مال غنیمت دلایا اللہ نے اپنے رسول کو ان لوگوں سے، تو نہ دوڑایا تھا تم لوگوں نے

مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اس پر گھوڑے اور نہ اونٹ، لیکن اللہ مسلط فرمادے اپنے رسولوں کو جس پر چاہے۔

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ

اور اللہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے● جو کچھ مال غنیمت دلایا اللہ نے اپنے رسول کو دوسری آبادی

الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَ

والوں سے، تو وہ اللہ کیلئے اور رسول کیلئے ہے، اور ان کے قرابت مندوں کیلئے اور یتیموں کیلئے اور مسکینوں کیلئے اور

ابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً ۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ

مسافر کیلئے، تاکہ نہ رہ جائے وہ ہاتھوں ہاتھ، تمہارے دولت مندوں ہی کے درمیان۔ اور جو کچھ

الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

دیدیا تم کو رسول نے، تو لے لو اسے، اور جس سے روک دیا تمہیں، تو رک جاؤ اور ڈرتے رہو اللہ کو۔ بیشک اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

سخت عذاب فرمانیوالا ہے --●-- ان فقیر ہجرت کرنیوالوں کیلئے، جو بے دخل کئے گئے اپنے گھروں

وقف لازم

وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ

اور مالوں سے، چاہتے رہتے ہیں اللہ کے فضل کو، اور خوشنودی کو، اور مدد میں رہتے ہیں اللہ اور

رَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُو الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ

رسول کی، وہی سچے لوگ ہیں اور جنہوں نے اپنا ٹھکانہ رکھا اس دارالاسلام اور ایمان

مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ

میں ان سے پہلے، دوست رکھتے ہیں اسے جس نے ہجرت کی انکی طرف، اور نہیں پاتے اپنے سینوں میں

حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ

کوئی حاجت اسکی، جو مہاجرین دیئے گئے، اور ترجیح دیتے ہیں انہیں اپنے اوپر، گو ہو انہیں سخت حاجت۔۔

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ

اور جو بچالیا جائے اپنے نفس کی لالچ سے، تو وہی کامیاب ہیں● اور جو آئے

مِنۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

ان کے بعد، دعا کرتے ہیں کہ "پروردگار ا بخش دے ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو، جو پہلے لائے

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ

ہم سے ایمان، اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں کچھ بھی کینہ انکے لئے جو ایمان لا چکے، پروردگار ا بلاشبہ تو

رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ ع ۱۰

مہربان رحم والا ہے" ● کیا تم نے نہیں دیکھا منافقوں کو، کہ کہتے ہیں اپنے بھائی، اہل

كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ

کتاب کافروں کو، "اگر تم نکالے گئے، تو ہم بھی نکل جائینگے ضرور تمہارے ساتھ، اور نہ کہا مانیں گے

فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

تمہارے بارے میں کسی کا کبھی، اور اگر تم سے لڑائی کی گئی، تو ہم ضرور مدد کرینگے تمہاری"۔ اور اللہ گواہ ہے، کہ بلاشبہ وہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا

یقیناً جھوٹے ہیں ● یقیناً اگر وہ نکالے گئے، تو یہ نہ نکلیں گے انکے ساتھ۔ اور یقیناً اگر ان سے لڑائی کی گئی، تو

يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾

نہ مدد دینگے انہیں۔ اور اگر مدد بھی کی ان کی، تو ضرور بھاگیں گے پیٹھ دکھا کر۔۔ پھر نہ مدد کئے جائینگے ●

لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا

بیشک تم زیادہ خوفناک ہو ان کے سینوں میں اللہ سے۔ یہ اسلئے کہ وہ لوگ کچھ سمجھ ہی نہیں

يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ

رکھتے ● نہ جنگ کرسکیں گے تم سے سب مل کر بھی، مگر قلعہ بند آبادیوں میں یا شہر پناہ

وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ

کے پیچھے سے۔ انکی جنگ آپس ہی میں سخت ہے۔ تم خیال کرو گے انہیں ایک جتھا، اور انکے دل جدا جدا ہیں۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا

یہ اسلئے، کہ وہ لوگ عقل ہی نہیں رکھتے ● جیسے انکی مثال جو ان سے پہلے تھے قریب زمانہ میں، انہوں

ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ

نے چکھا اپنے کرتوت کا وبال۔ اور انہیں کیلئے دکھ والا عذاب ہے ● جیسے شیطان کی مثال، جبکہ بولا

لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

انسان کو کہ کفر کر، پھر جب کفر کرلیا، تو بولا کہ میں الگ ہوں تم سے، بیشک میں ڈرر ہا ہوں اللہ رب

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا

العالمین کو● تو ہوا انجام ان دونوں کا کہ دونوں آگ میں ہیں، ہمیشہ رہنے والے اس میں۔ اور یہ سزا ہے

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ ع ۲ ۵

اندھیر والوں کی● اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ کو، اور دیکھا کرے ہر ایک، کہ کیا آگے بھیجا

لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا

کل کیلئے۔ اور ڈرا کرو اللہ کو۔ بیشک اللہ باخبر ہے جو عمل کرتے ہو● اور مت ہو جاؤ ان کی طرح جو بھول گئے

اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ

اللہ کو، تو ان کی بھول میں ڈال دیا اللہ نے خود انہیں کو۔ وہی ہیں نافرمان● نہیں برابر ہیں جہنم

النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا

والے اور جنت والے۔ کہ جنت والے ہی بامراد ہیں● اگر اتارتے ہم اس

الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَ

قرآن کو کسی پہاڑ پر، یقیناً دیکھتے تم، کہ جھکا ہوا ریزہ ریزہ اللہ کے خوف سے۔ اور یہ

تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ

مثالیں بتاتے ہیں ہم لوگوں کیلئے، کہ وہ سوچیں● وہی اللہ ہے جس کے سوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ

کوئی معبود نہیں۔ جاننے والا غیب و شہادت کا۔ وہی مہربان بخشنے والا ہے● وہی

اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ

اللہ ہے جس کے سوا کوئی پوجنے کے قابل نہیں۔ بادشاہ نہایت پاک، سلامتی والا، امان والا، نگہبان

الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ

عزت والا، زبردست تکبر والا، پاکی ہے اللہ کی اس سے جو شریک بناتے ہیں● وہی اللہ ہے بنانیوالا، پیدا

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

کرنیوالا، صورت دینے والا ہے، اسی کے سب اچھے نام ہیں۔ پاکی بولتے ہیں اس کی، آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ ع ۳ ۲۷ ۶

اور زمین والے۔ اور وہی عزت والا حکمت والا ہے●

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ ۶۰ مَدَنِيَّةٌ ۹۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۳ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ ممتحنہ مکیّہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۳ رکوع ۲

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ

اے ایمان والو! نہ بناؤ میرے دشمن اور اپنے دشمن کو اپنا دوست، کہ پیغام رسانی

اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ

کروانکی طرف دوستی سے، حالانکہ وہ انکار کر چکے جو آیا ہے تمہارے پاس حق۔ گھر سے الگ کرتے ہیں رسول کو،

وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَ

اور تم لوگوں کو، کہ تم مان چکے ہو اللہ، اپنے رب کو۔ اگر تم نکلے تھے جہاد کیلئے میری راہ میں، اور میری

ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۚ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَ

خوشنودیوں کو چاہنے کیلئے، تو خفیہ پیغام رسانی بھی کرتے ہو انکی طرف دوستی کی، حالانکہ میں خوب جانتا ہوں جو تم نے چھپایا اور جو

مَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱﴾ اِنْ

علانیہ کیا۔ اور جو کرے یہ تم میں سے، تو بیشک وہ بہک گیا سیدھے راستہ سے● اگر وہ

يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ

پا جائیں تمہیں، تو ہوں گے تمہارے دشمن، اور دراز کرینگے تمہاری طرف اپنے ہاتھوں اور اپنی زبانوں کو

بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۲﴾ لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ

برائی کے ساتھ، انھوں نے یہی چاہا کہ کاش تم کافر ہو جاؤ● نہ کام آئینگے تمہارے، تمہارے رشتے اور نہ تمہاری اولاد۔

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۳﴾ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ

قیامت کے دن۔ وہ جدا جدا کر دیگا تم سب کو۔ اور اللہ جو کچھ کرو دیکھنے والا ہے● بیشک تھا تمہارے لئے اچھا

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا

نمونہ ابراہیم میں، اور جو ان کے ساتھ تھے۔ جبکہ بولے وہ سب اپنی قوم کو، کہ بلاشبہ ہم

مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ

الگ ہیں تم سے، اور ان سے جنہیں پوجتے ہو اللہ کے خلاف۔ ہم لوگوں نے انکار کر دیا تم سب سے، اور ظاہر ہو چکی

الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ

ہمارے تمہارے درمیان دشمنی اور عداوت ہمیشہ کو، یہاں تک کہ تم لوگ مان جاؤ ایک اللہ کو، مگر ابراہیم کی ایک بات

لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا

اپنے بابا سے، کہ میں استغفار کروں گا تمہارے لئے اور میں نہیں اختیار رکھتا تجھ کافر کیلئے اللہ کے حضور کچھ بھی۔ "پروردگارا

عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۴ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

تجھی پر ہم نے بھروسہ رکھا، اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے، اور تیری طرف پھرنا ہے" ● "پروردگار! نہ رکھ ہمیں آزمائش

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵ لَقَدْ كَانَ

میں انکے جنہوں نے کفر کیا، اور بخش دے ہم سب کو، پروردگار! بیشک تو ہی زبردست حکمت والا ہے" ● بیشک تھا تم

لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَ

لوگوں کیلئے ان میں اچھا نمونہ، اسکے لئے جو امید رکھتا ہو اللہ اور پچھلے دن کی۔ اور

ع ۱ ۱۶ مَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ

جو بے رخی کرے، تو بلاشبہ اللہ ہی بے نیاز حمد والا ہے ● قریب ہے کہ اللہ کر دے

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ

تمہارے درمیان اور انکے درمیان، کہ دشمنی کا برتاؤ کرنے لگے، ان سے دوستی۔ اور اللہ قدرت والا ہے۔ اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷ لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

غفور رحیم ہے ● نہیں روکتا تمہیں اللہ ان لوگوں سے، جنہوں نے جنگ نہیں کی تم سے دین میں،

وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور نہ نکالا تمہیں تمہارے گھروں سے، کہ حسن سلوک رکھو ان سے، اور انصاف برتو ان سے۔ بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۸ اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي

پسند فرماتا ہے انصاف والوں کو ● اللہ تو تمہیں منع کرتا ہے بس انہیں لوگوں سے، جنہوں نے جنگ کی تم سے

الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ

دین میں، اور نکالا تم لوگوں کو تمہارے گھروں سے، اور مدد کی تمہارے نکالنے پر، یہ کہ

تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۹ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا

دوستی کرو ان سے۔ جو دوستی کرے ان کی، تو ظالم وہی ہیں ● اے ایمان والو! جہاں

جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ
آ گئیں تمہارے پاس مسلمان عورتیں ہجرت کی نیت سے، تو تحقیقات کر لو ان کی۔ اللہ خوب جانتا ہے انکے ایمان کو۔
فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ
تو اگر معلوم کر لیا تم نے انہیں کہ ایمان والی ہیں، تو واپس نہ کرو انہیں کفار کی طرف۔ نہ وہ مسلمان عورتیں
لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَاٰتُوْهُمْ مَّاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ
حلال ہیں ان کافروں کیلئے، اور نہ وہ کافر حلال ہیں ان مسلمان عورتوں کیلئے۔ اور دے ڈالو جو مہر خرچ کیا ہے ان کافروں نے، اور
تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ
کوئی الزام نہیں تم پر کہ نکاح کر لو انکے ساتھ، جبکہ دے چکے انہیں ان کا مہر۔ اور روک تھام نہ کرو کافر عورتوں کے نکاح
وَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ
کی، اور مانگ لو جو تم نے خرچ کیا، اور وہ مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا۔ یہ ہے اللہ کا حکم۔ وہ فیصلہ دیتا ہے تمہارے درمیان۔
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ
اور اللہ علم والا حکمت والا ہے● اور اگر نکل جائیں تمہارے ہاتھوں سے چند عورتیں کافروں کی طرف، تو تم نے
فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا
سزا دی ان کافروں کو، تو دو انہیں جن کی بیبیاں نکل گئیں اتنا ہی، جو انہوں نے خرچ کیا تھا۔ اور ڈرتے
اللّٰهَ الَّذِيْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ
رہو اللہ کو، جس کے تم لوگ ماننے والے ہو● اے آنحضرت! جہاں آئیں تمہارے پاس ایمان والی عورتیں،
يُبَايِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ
کہ بیعت کریں تمہاری اس پر، کہ "شریک نہ بنائینگی اللہ کا کسی کو، اور نہ چوری کریں گی، اور نہ بدکاری کریں گی،
وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ
اور نہ مار ڈالیں گی اپنی اولاد کو، اور نہ بنائیں گی وہ بہتان، کہ گڑھ لیں جسے اپنے ہاتھوں
وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ
اور پاؤں کے درمیان، اور نہ بے حکمی کریں گی کسی حکم میں"، تو بیعت لے لو ان کی، اور مغفرت مانگو ان کی
اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۲ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ
اللہ سے۔ بیشک اللہ غفور رحیم ہے● اے ایمان والو! نہ دوستی کرو اس قوم کی، جن پر غضب

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ ع ۲ النصف ۸

فرمایا اللہ نے، بیشک وہ لوگ ناامید ہو گئے آخرت سے، جس طرح کافر لوگ ناامید ہو چکے قبر والوں سے ●

سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۴ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ صف مدنیہ — نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا — آیات ۱۴ رکوع ۲

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ يٰٓاَيُّهَا

پاکی بولی اللہ کی سب نے، جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے، اور وہی زبردست حکمت والا ہے ● اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۲﴾ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ

ایمان والو! کیوں کہتے ہو وہ، جو خود نہیں کرتے ● نہایت ناگوار ہے اللہ کے نزدیک، کہ

تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ

کہو وہ جسے خود نہ کرو ● بیشک اللہ پسند فرماتا ہے انہیں، جو جہاد کریں اس کی راہ میں

صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ﴿۴﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ

صف باندھ کر، گویا کہ وہ دیوار ہیں سیسہ پلائی ہوئی ● اور جبکہ کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو، کہ اے میری قوم

تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ۭ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ

کیوں ستاتے ہو مجھے، حالانکہ یقیناً تم جانتے ہو، کہ میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف۔ پھر بھی جب ٹیڑھے رہ گئے،

اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى

تو ٹیڑھا ہی رکھا اللہ نے ان کے دلوں کو۔ اور اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو ● اور جب کہ کہا عیسیٰ

ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا

ابن مریم نے، کہ اے بنی اسرائیل بیشک میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف، تصدیق کرنے والا

بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ

اپنے سے پہلے کی توریت کا، اور خوش خبری دینے والا اس عظیم رسول کا، جو آئینگے میرے بعد، ان کا نام ہے

اَحْمَدُ ۭ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

احمد، پھر جب آ گئے وہ بھی انکے پاس روشن دلیلوں کے ساتھ، تو سب بول پڑے کہ یہ کھلا جادو ہے ● اور اس سے

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ۭ وَاللّٰهُ

زیادہ ظالم کون ہے؟ جس نے باندھا اللہ پر جھوٹ، اور وہ بلایا جا رہا ہے اسلام کی طرف۔ اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٧ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ

نہیں راہ دیتا اندھیر والی قوم کو● چاہتے ہیں کہ بجھا دیں اللہ کے نور کو اپنے مونہوں سے،

وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝٨ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

اور اللہ پورا فرمانے والا ہے اپنے نور کا، گو برا مانیں کافر لوگ● وہی ہے جس نے بھیجا اپنے رسول کو

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ

ہدایت اور دستور حق کے ساتھ، تاکہ غالب کر دے اسے سب دینوں پر؟ گو برا مانیں

الْمُشْرِكُوْنَ ۝٩ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ ع ۱ ۹

مشرک لوگ● اے ایمان والو! کیا باخبر کر دوں تمہیں اس تجارت پر، جو بچا لے تمہیں

مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝١٠ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ

دکھ والے عذاب سے● مانتے رہو اللہ کو اور اس کے رسول کو، اور جہاد کیا کرو

سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝١١

اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے۔ یہ بہتر ہے تمہارے لئے اگر جانو مانو●

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

بخش دے گا تمہارے گناہوں کو اور داخل فرمائے گا تمہیں باغوں میں، بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں،

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝١٢ وَاُخْرٰى

اور پاکیزہ گھروں میں بسے رہنے کے باغوں میں۔ یہی بڑی کامیابی ہے● اور دوسری وہ

تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٣ يٰٓاَيُّهَا

نعمت، جس کی دلی خواہش رکھتے ہو، اللہ کی مدد اور جلد ہی فتح یابی۔ اور بشارت دیدو مسلمانوں کو● اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ

ایمان والو! ہو جاؤ دین الٰہی کے مددگار، جیسا کہ کہا تھا عیسیٰ ابن مریم نے اپنے حواریوں

مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ

کو" کہ کون ہے میری مدد پر اللہ کی طرف ہو کر"۔ بولے حواری لوگ، کہ "ہم دین الٰہی کے مددگار ہیں"، تو مان گئی

طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّاۗىِٕفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ایک جماعت بنی اسرائیل کی، اور انکار کر دیا ایک جمعیت نے۔ تو تائید فرمائی ہم نے ان کی، جو مان

عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ ع ۲

گئے تھے ان کے دشمنوں پر، تو وہ ہو گئے غالب●

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ ۶۲ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱ رُكُوْعُهَا ۲

سورۂ جمعہ مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۱ رکوع ۲

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ

پاکی بولتا رہتا ہے اللہ کی، جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے، بادشاہ نہایت پاک، زبردست

الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

حکمت والا● وہی ہے جس نے بھیجا ان پڑھوں میں رسول انہیں سے، جو تلاوت کریں ان پر

اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ

اسکی آیتوں کی، اور پاک کر دیں انہیں، اور سکھا دیں انہیں کتاب و حکمت۔ اور بلاشبہ وہ لوگ تھے ان سے پہلے

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲﴾ ۙ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

کھلی گمراہی میں● اور دوسروں کو بھی ان میں سے جو ابھی نہیں ملے انکے ساتھ۔ اور وہی زبردست

الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

حکمت والا ہے● یہ اللہ کا فضل ہے، دے اسے جسے چاہے۔ اور اللہ بڑا فضل

الْعَظِيْمِ ﴿۴﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ

والا ہے● مثال ان کی جو گراں بار کئے گئے توریت کے، پھر نہ برداشت کر سکے اس کی، جیسے

الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ

گدھے کی مثال، جو لادے کتابوں کو۔ کتنی بری مثال ہے ان لوگوں کی، جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو،

اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا

اور اللہ نہیں راہ دیتا اندھیر والوں کو● کہہ دو، کہ "اے یہودیو!

اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَاۗءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ

اگر ڈینگ لی ہے تم نے کہ تم دوست ہو اللہ کے، اور لوگوں کو چھوڑ کر، تو آرزو کرو موت کی،

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۶﴾ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ

اگر سچے ہو"● اور نہ آرزو کریں گے موت کی کبھی، بوجہ اس کے جو پہلے بھیج چکے ان کے ہاتھ۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝٧ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ

اور اللہ اندھیر والوں کا جاننے والا ہے● کہہ دو، کہ "بلاشبہ موت، جس سے بھاگتے ہو تم، تو ضرور وہ

فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ

ملنے والی ہے تمہیں۔ پھر لوٹائے جاؤ گے عالم الغیب والشہادۃ کی طرف، تو وہ بتا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ

تمہیں جو کچھ کرتے رہے"● اے ایمان والو جہاں اذان دی گئی نماز کی

يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

جمعہ کے دن، تو چل پڑو اللہ کے ذکر کی طرف، اور چھوڑ دو خرید و فروخت۔ یہ بہتر ہے تمہارے لئے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝٩ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ

اگر جانو مانو● پھر جب پوری ہوگئی نماز، تو پھیل جاؤ سرزمین میں،

وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝١٠

اور تلاش کرو اللہ کے فضل کو، اور یاد کرو اللہ کو بہت، کہ کامیاب ہو جاؤ●

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَۨ ا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَاۗىِٕمًا ۭ قُلْ مَا

اور جب دیکھ پایا انہوں نے کسی تجارت یا تماشہ کو، تو چل دیئے اُدھر، اور چھوڑ دیا تمہیں خطبہ میں کھڑا۔ کہہ دو، کہ "جو

عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝١١

اللہ کے پاس ہے بہتر ہے، تماشہ اور تجارت سے"۔ اور اللہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے●

سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ ۶۳ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۴ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱ رُكُوْعُهَا ۲

سورۂ منافقون مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۱ رکوع ۲

اِذَا جَاۗءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

جب آئے تمہارے پاس منافق لوگ، بولے کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بیشک تم یقیناً اللہ کے رسول ہو۔ اور اللہ خوب جانتا

اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝١ اِتَّخَذُوْٓا

ہے، کہ بلاشبہ تم یقیناً اسکے رسول ہو۔ اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بلاشبہ منافق لوگ یقیناً جھوٹے ہیں● بنالیا ہے انہوں نے

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا

اپنی قسموں کو ڈھال، تو روکا کئے اللہ کی راہ سے۔ بلاشبہ وہ کتنا برا ہے، جو کچھ

يَعْمَلُوْنَ ۝٢ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

کرتے رہے● یہ اسلئے، کہ انہوں نے ایمان کا دعویٰ کیا، پھر کفر بکنے لگے، تو چھاپ لگادی گئی ان کے دلوں پر،

فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٣ وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ

تو وہ سمجھتے ہی نہیں● اور جب دیکھ پایا تم نے انہیں، تو اچھے لگیں گے انکے جسم۔ اور اگر بات

يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ

چیت کریں، تو سننے لگو ان کی گفتگو، گویا وہ لکڑی کے ہیں دیوار سے لگے ہوئے۔ خیال لے جاتے ہیں

كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى

ہر بلند آواز اپنے ہی اوپر۔ وہ دشمن ہیں، تو ان سے بچے رہا کرو۔ اللہ انہیں غارت کرے۔ کہاں

يُؤْفَكُوْنَ ۝٤ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

اوندھائے جاتے ہیں● اور جب کہا گیا انہیں، کہ "آجاؤ معافی دلا دیں تمہیں اللہ کے رسول"، تو گھما لیا

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝٥ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

انہوں نے اپنے سروں کو، اور دیکھ پڑے تمہیں کہ باز رہتے ہیں، اور وہ بڑی بول بولنے والے ہیں● یکساں ہیں ان پر

اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ

کہ تم نے ان کی معافی چاہی، یا نہ چاہی۔ اللہ ہرگز نہ بخشے گا انہیں۔ بلاشبہ

اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٦ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا

اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو● وہی ہیں جو بکتے ہیں، کہ "مت

تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ

خرچ کیا کرو ان پر، جو رسول کے نزدیکی ہیں، یہاں تک کہ وہ خود منتشر ہو جائیں"۔ حالانکہ اللہ ہی کا ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝٧ يَقُوْلُوْنَ

آسمانوں اور زمین کے خزانے، لیکن منافق لوگ سمجھتے ہی نہیں● بکتے ہیں، کہ

لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ

"یقیناً اگر ہم واپس ہوئے میدان سے مدینہ کی طرف، تو ضرور نکال دیگا بڑی عزت والا اس سے نہایت ذلیل کو"، اور اللہ

الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٨ ع ١٢ ٨

ہی کیلئے عزت ہے، اور اس کے رسول کیلئے، اور ایمان والوں کیلئے، لیکن منافق لوگ علم ہی نہیں رکھتے●

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ

اے ایمان والو! نہ غافل کر سکے تمہیں تمہارا مال، اور نہ تمہاری اولاد،

ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹ وَ

اللہ کے ذکر سے۔ اور جو کرے ایسا، وہی خسارہ والے ہیں● اور

اَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ

خرچ خیرات کرتے رہو اس سے، جو روزی دی ہم نے تمہیں، اس سے پہلے کہ آجائے تم میں سے کسی کی موت،

الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ

تو کہنے لگے، کہ "پروردگارا کیوں نہ مہلت دی تو نے مجھے تھوڑی سی، کہ میں صدقہ دیتا،

وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰ وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ

اور ہو جاتا لیاقت مندوں سے"● اور ہرگز نہ مہلت دے گا اللہ، کسی جان کو، جب آ گیا

ع ۱۲ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۱

اس کا وقت مقرر۔ اور اللہ باخبر ہے جو تم کرو●

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۸ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اٰيَاتُهَا ۱۸ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ تغابن مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۸ رکوع ۲

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۡ

پاکی بولتا رہتا ہے اللہ کی، جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے۔ اسی کی شاہی ہے اور اسی کیلئے حمد۔

وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّ

اور وہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے● وہی ہے جس نے پیدا فرمایا تمہیں، تو کوئی کافر ہے اور

مِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

کوئی مومن۔ اور اللہ جو کچھ کرو اس کا نگراں ہے● پیدا فرمایا آسمانوں اور

الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳

زمین کو حق کے ساتھ، اور صورت دی تمہیں، تو خوب دیں صورتیں تمہیں۔ اور اسکی طرف پھر کر جانا ہے●

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ

جان رہا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور جان رہا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو علانیہ کرتے ہو۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اور اللہ جاننے والا ہے سینوں کی بات کو● کیا نہیں آئی تمہارے پاس خبر ان کی، جنہوں نے کفر
مِنْ قَبْلُ ۫ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۵ ذٰلِكَ
کیا تھا پہلے۔ تو چکھا اپنے کام کا وبال، اور انکے لئے دکھ والا عذاب ہے● یہ اسلئے
بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۫
کہ واقعہ یہ ہے کہ لایا کرتے تھے انکے پاس انکے رسول روشن دلیلیں، تو یہ بولا کرتے تھے کہ کیا بشر ہماری رہنمائی کرینگے،
فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ
تو انکار کر دیتے تھے اور پھر جاتے تھے، اور بے نیازی برتی اللہ نے۔ اور اللہ بے نیاز حمد والا ہے● گھمنڈ میں
الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ
رہے کافر لوگ، کہ ہرگز نہ اٹھائے جائینگے۔ کہہ دو، کہ "کیوں نہیں"، مجھے اپنے رب کی قسم یقیناً ضرور اٹھائے
لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ
جاؤ گے تم، پھر یقیناً بتا دیئے جاؤ گے جو کرتوت کر چکے، یہ اللہ پر آسان ہے● تو مان جاؤ اللہ اور
رَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸ يَوْمَ
اس کے رسول کو، اور اس نور کو، جو ہم نے اتارا۔ اور اللہ جو کرو باخبر ہے● جس دن کہ
يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ
اکٹھا کرے گا تمہیں جمع ہونے کے دن، یہ ہے ہار کے ظاہر ہونے کا دن۔ اور جو مان جائے اللہ کو
وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
اور نیک کام کرے، اتار دے گا ان سے ان کے گناہ، اور داخل فرمائیگا اسے باغوں میں، کہ بہتی ہیں
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹
جن کے نیچے نہریں، ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اس میں، یہی بڑی کامیابی ہے●
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ
اور جنہوں نے کفر کیا، اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو، وہ جہنم والے ہیں، ہمیشہ رہنے والے اس
فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۰ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ ع ۱۰ ۱۵
میں۔ اور کتنی بری پھرنے کی جگہ ہے● نہیں پہنچی کوئی مصیبت، مگر اللہ کے

اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ

حکم سے۔ اور جو مان جائے اللہ کو، تو ہدایت دے گا اس کے دل کو۔ اور اللہ ہر ایک کا جاننے

عَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا

والا ہے● اور کہا مانو اللہ کا، اور کہا مانو رسول کا۔ اب اگر تم پھرے، تو

عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۲﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ

ہمارے رسولوں پر صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے● اللہ، نہیں ہے کوئی معبود اسکے سوا، اور اللہ ہی پر تو

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ

بھروسہ رکھیں ایمان والے● اے ایمان والو! بیشک تمہاری کچھ بیبیاں

وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَ

اور اولاد دشمن ہیں تمہارے، تو ان سے بچتے رہو۔ اور اگر معافی دو، اور درگزر کرو، اور

تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ

بخش دو، تو بلاشبہ اللہ غفور رحیم ہے● تمہارے مال اور اولاد، بس

فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ

فتنہ ہی ہیں۔ اور اللہ، اس کے یہاں بڑا ثواب ہے● تو ڈرتے رہو اللہ کو جہاں تک ہو سکے،

وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ

اور حکم سنو، اور کہا مانو، اور خرچ خیرات کرو، اپنے بھلے کو۔ اور جو محفوظ رکھا جائے اپنی

نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

طبیعت کی کنجوسی سے، تو وہی لوگ کامیاب ہیں● اگر دوگے اللہ کو قرض

حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ

حسنہ، تو دونا کر دیگا اسے تمہارے لئے، اور بخش دیگا تمہیں، اور اللہ قدردان بُردبار ہے● جاننے والا

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ ع ۲/۱۲

غیب و شہادت کا، زبردست حکمت والا ●

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ ۹۹ ۶۵ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اٰيَاتُهَا ۱۲ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ طلاق مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۲ رکوع ۲

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ

اے آنحضرت! جب طلاق کی نوبت آئے تمہیں عورتوں کو، تو مسلمانو طلاق دو انہیں انکی عدت کا لحاظ رکھ کر، اور

اَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ

شمار رکھو عدت کا۔ اور ڈرتے رہو اللہ اپنے رب کو۔ نہ نکال باہر کرو انہیں ان کے گھروں سے،

وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

اور نہ وہ خود نکلیں، مگر یہ کہ کر لائیں کھلی بے شرمی۔ اور یہ اللہ کی حد بندیاں ہیں۔

اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ

اور جو بڑھے اللہ کی حد بندیوں سے، تو بیشک اس نے اندھیر کیا خود اپنے اوپر، نہیں اٹکل لگا سکتے تم،

اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝۱ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

کہ شاید اللہ نیا بھیجے اس کے بعد کوئی حکم● پھر جب وہ پہنچ گئیں اپنی مدت کو، تو روک رکھو انہیں

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ

حسن سلوک سے، یا الگ ہی کر دو خوبی کے ساتھ، اور گواہ بنالو دو عادل کو اپنے میں سے،

وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

اور قائم کرو گواہی کو اللہ واسطے۔ یہ ہے جس کی نصیحت کی جاتی ہے اسے، جو مانے اللہ

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝۲ۙ وَّيَرْزُقْهُ

اور پچھلے دن کو۔۔ اور جو ڈرتا رہے اللہ کو، پیدا کر دیتا ہے اسکے لئے نکال● اور روزی دے

مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ

اسے جہاں سے شان وگمان نہ ہو، اور جو بھروسہ رکھے اللہ پر، تو وہ اسے کافی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝۳ وَالّٰۗـِٔيْ

بیشک اللہ پورا فرما دینے والا ہے اپنے کام کو، بیشک مقرر کر دیا اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ● اور جو

يَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَاۗىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ

تمہاری عورتیں ناامید ہو چکیں حیض سے، اگر اب تک تم شک کر رہے تھے، تو ان کی عدت

ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰۗـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ۭ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ

تین مہینہ ہے۔ اور ان کی بھی جنہیں ابھی حیض نہ آیا۔ اور حمل والیاں، ان کی مدت یہ ہے کہ

يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝۴

جن لیں اپنا حمل۔ اور جو ڈرے اللہ کو، وہ کر دے گا اسکے لئے اس کے کام میں آسانی●

ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ

یہ ہے اللہ کا حکم، جسکو نازل فرمایا تمہاری طرف، اور جو ڈرے اللہ کو، وہ اتار دیگا اس سے اسکے گناہ، اور بہت

وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ۝۵ اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ

بڑا دے گا اس کو ثواب● عورتوں کو عدت میں رکھو، جہاں خود رہنے لگے اپنی حیثیت بھر،

وَلَا تُضَاۗرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ۭ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ

اور نہ نقصان پہنچاؤ انہیں، کہ تنگی ڈال دو ان پر۔ اور اگر وہ حاملہ ہوں،

فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ

تو بھی نان نفقہ دو انہیں، یہاں تک کہ جن لیں اپنا حمل۔ پھر اگر دودھ پلائیں تمہارے بھلے

فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ

کو، تو دیتے رہو انہیں انکی اجرتوں کو۔ اور مشورہ کیا کرو آپس میں خوبی کے ساتھ۔ اور اگر دشوار جانا تم نے،

فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ۝۶ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَمَنْ

تو قریب ہے کہ دودھ پلا دیگی اسے کوئی دوسری● نفقہ دیا کرے وسعت والا اپنی وسعت کے موافق۔ اور جس پر

قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۭ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ

تنگ ہے اس کی روزی، تو وہ نفقہ دیا کرے اس سے جو دیا ہے اسے اللہ نے۔ نہیں بار رکھتا اللہ کسی پر

نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۭ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝۷ وَكَاَيِّنْ مِّنْ ع ۱۷

مگر جو دے رکھا ہے اسے۔ قریب ہے کہ کر دے گا اللہ دشواری کے بعد آسانی● اور کتنی آبادیاں

قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا

تھیں کہ سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے، اور اُس کے رسولوں سے، تو ہم نے حساب لیا ان کا، سخت حساب۔

وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝۸ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ

اور عذاب دیا انہیں، ناگوار عذاب● تو چکھا اپنے کام کے وبال کو، اور ان کے کام کا

عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ۝۹ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا

انجام ہوا خسارہ میں● تیار کر چکا ہے اللہ، انکے لئے سخت عذاب۔ تو ڈرا کرو

اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ

اللہ کو اے عقل والو۔۔۔ جو ایمان لا چکے۔۔ بیشک نازل فرمایا اللہ نے تمہاری

ذِكْرًا ۝۱۰ۙ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ

طرف یادگار● وہ رسول جو تلاوت فرمائے تم پر اللہ کی روشن آیتیں، کہ نکال باہر کرے انہیں، جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْ

مان گئے اور نیکیاں کیں، اندھیریوں سے روشنی کی طرف۔ اور جو مان جائے

بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اللہ کو، اور کرے لیاقت مندی، داخل فرمائیگا اسے باغوں میں، بہتی رہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، ہمیشہ

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ۝۱۱ اَللّٰهُ الَّذِيْ

ہمیشہ رہنے والے اس میں۔ بیشک خوب کر دی اللہ نے اس کی روزی● اللہ ہے جس نے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۭ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ

پیدا فرمایا سات آسمانوں کو، اور زمینیں اسی قدر۔ اترتا رہتا ہے حکم ان کے

بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ

درمیان، تاکہ جان لو کہ بلاشبہ اللہ، ہر چاہے پر قدرت والا ہے۔۔ اور بیشک اللہ

قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝۱۲ ع

نے گھیر لیا ہر ایک کو علم میں●

سُوْرَةُ التَّحْرِيْم ۶۶ مَدَنِيَّة ۱۰۷ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۲ رُكُوْعُهَا ۲

سورۂ تحریم مدنیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۲ رکوع ۲

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ

اے آنحضرت! کیوں پرہیز کرو تم اس سے، کہ حلال فرما دیا جسے اللہ نے تمہاری خاطر۔ تم چاہتے ہو اپنی بیبیوں کی خوشی۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ

اور اللہ غفور رحیم ہے● بے شک مقرر فرما دیا اللہ نے تمہاری خاطر کو، تم سب مسلمانوں کی قسموں کا کفارہ،

مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝۲ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ

اور اللہ تم لوگوں کا مولیٰ ہے۔ اور وہی علم والا حکمت والا ہے● اور جبکہ پوشیدہ کی آنحضرت نے اپنی ایک بی بی سے

حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَ

بات۔ پھر جب کہہ ڈالا ان بی بی نے اسکو، اور ظاہر فرما دیا اسے اللہ نے آنحضرت پر، تو انہوں نے جتا دیا کچھ، اور

اَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ

چشم پوشی کی کچھ سے۔ تو جب بتایا آنحضرت نے ان بی بی کو، انہوں نے پوچھا کہ کس نے خبر دی آپ کو اسکی؟

قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۳ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ

جواب دیا، کہ "خبر دی مجھے اللہ علم والے بتانیوالے نے" ● بیشک تم دونوں بیبیاں توبہ کرڈالو اللہ کی طرف، کہ تمہارے دل

وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

ہٹ گئے ہیں، اور اگر چھائی رہوگی اسپر، تو بیشک اللہ ہی آنحضرت کا مولیٰ ہے، اور جبرئیل، اور لائق مسلمان۔

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝۴ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ

اور پھر فرشتے ان کی پشت پر حاضر ہیں ● قریب ہے کہ انکارب، اگر طلاق دیدی آنحضرت نے تم کو، یہ

اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ

کہ بدل دے انکی خاطر تم سے بہتر بیبیاں نیازمند، مان دان کرنیوالیاں، فرماں بردار، توبہ والیاں، پجاریاں،

سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝۵ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ

روزہ دار، بیوہ اور کنواریاں ● اے ایمان والو! بچالو اپنی جانوں کو اور

اَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ

اپنے والوں کو اس آگ سے، جس کا ایندھن انسان ہیں اور پتھر۔ جس پر فرشتے ہیں سخت

شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝۶

کرّے۔ نہیں نافرمانی کرتے اللہ کی، جو کچھ حکم دیدیا اس نے، اور کرتے رہتے ہیں جو بھی حکم دیئے جاتے ہیں ●

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

اے کافرو! نہ تاویل گڑھو آج۔ تم بدلہ دیئے جاتے ہو اُسی کا جو کیا کرتے

تَعْمَلُوْنَ ۝۷ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى ع ۱۹

تھے ● اے ایمان والو! توبہ کرو اللہ کی جانب، کھری توبہ۔ قریب ہے کہ تمہارا رب

رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اتار دے تم سے تمہارے گناہ، اور داخل فرمائے تمہیں باغوں میں، بہتی ہیں جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ

نہریں، جس دن کہ نہ رسوا کرے گا اللہ آنحضرت کو، اور جو ایمان لائے ان کے ساتھ۔ ان کا نور

يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا

دوڑ رہا ہوگا ان کے آگے، اور ان کے داہنے۔ دعا کرینگے، کہ "پروردگار اپورا فرمادے ہمارے لئے ہمارے نور کو،

وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۸ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

اور بخش دے ہمیں، بیشک تو ہر چاہے پر قدرت والا ہے" ● اے آنحضرت! جہاد کرو

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ

کافروں اور منافقوں سے، اور سخت رہو ان پر۔ اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور کتنی بری

الْمَصِيْرُ ۝۹ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ

پھرنے کی جگہ ہے ● ضرب المثل فرمائی اللہ نے کافروں کیلئے، نوح کی عورت اور لوط کی

لُوْطٍ ۭ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ

عورت کی، دونوں تھیں ماتحتی میں ہمارے دو لیاقت والے بندوں کے، تو دونوں نے دغا کی ان سے، تو

يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝۱۰

نہیں کارآمد بنے انکے لئے اللہ کے حضور کچھ بھی، اور کہا گیا کہ تم دونوں چلی جاؤ آگ میں، جانے والوں کے ساتھ ●

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ

وقف لازم

اور ضرب المثل فرمائی اللہ نے مسلمانوں کیلئے فرعون کی عورت کی۔۔ جب کہ دعا کی اس

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ

نے، کہ "پروردگارا، بنا میرے لئے اپنے یہاں ایک گھر جنت میں، اور بچالے مجھے فرعون اور اس کے

وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۱ ۙ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ

کرتوت سے، اور بچالے مجھے ظالم لوگوں سے" ● اور مریم دختر عمران کی، جس نے

اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ

پاکدامنی کی، تو پھونکا ہم نے اس میں اپنی طرف سے روح، اور تصدیق کی اپنے رب کی باتوں

رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝۱۲ ع ۲ ۲۵ ۲۰

اور اس کی کتابوں کی، اور ہوئی فرماں برداروں سے ●